Shilanyas of India International Centre for Buddhist Culture and Heritage in Lumbini, Nepal

May 16, 2022

نیپال کے لمبنی میں بھارت بین الاقوامی بودھ ثقافت و وراثت مرکز کا شلانیاس

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے نیپال کے عزت مآب وزیر اعظم جناب شیر بہادر دیوبا کے ساتھ لمبنی مٹھ علاقہ، لمبنی، نیپال میں بھارت بین الاقوامی بودھ ثقافت و وراثت مرکز کی تعمیر کے لیے شلانیاس کیا۔

2.اس مرکز کی تعمیر انٹرنیشنل بودھ کنفیڈریشن (آئی بی سی)، نئی دہلی کے ذریعے لمبنی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ (ایل ڈی ٹی) کی ایک زمین پر کیا جائے گا، جسے آئی بی سی اور ایل ڈی ٹی کے درمیان مارچ، 2022 میں دستخط شدہ ایک معاہدہ کے تحت آئی بی سی کو دیا گیا تھا۔

3.شلانیاس کی تقریب، جسے تین اہم بودھ روایتوں، تھیرواد، مہایان اور وجریان کے بھکشوؤں کے ذریعے ادا کیا گیا، کے بعد دونوں وزرائے اعظم نے مرکز کے ایک ماڈل کی بھی نقاب کشائی کی۔

4.تعمیر مکمل ہو جانے کے بعد، یہ دنیا بھر کے تیرتھ یاتریوں اور سیاحوں کا خیر مقدم کرنے والا ایک عالمی معیار کا سہولیتی مرکز ہوگا، جہاں عقیدت مند بودھ مذہب کی روحانی شکلوں کے مجموعہ کا دیدار کر سکیں گے۔ یہ ایک جدید عمارت ہوگی، جو بجلی، پانی اور فضلے کے انتظام کے معاملے میں ’مجموعی صفر‘ (نیٹ زیرو) کے معیاروں کے مطابق ہوگی اور اس مرکز میں پوجا کا ہال، دھیان لگانے کے مراکز، لائبریری، نمائشی ہال، کیفیٹیریا، دفاتر اور دیگر سہولیات بھی ہوں گی۔

لومبینی

16 مئی 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.